PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA

Phone No. 091-9210489-(Ext:) 1267
Fax No. 091-9210258

LIST OF ADMITTED CALL ATTENTION NOTICES

Session 21st

Notice No. 2276

Received Dated 8 / 2 /2022

Admitted Dated 16 / 2 /2022

Department **Transport**

توجہ دلاؤ نوٹس نمبر 2276

منجانب: جناب سراج الدین صاحب، رُکن صوبائی اسمبلی

میں وزیر برائے محکمہ ٹرانسپورٹ کی توجہ ایک اہم مسلے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں وہ یہ کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کو جواز بنا کر پبلک ٹرانسپورٹ کے لوکل اور بین الاضلاع روٹس کے لئے ٹرانسپورٹروں کی جانب سے کرایوں میں خود ساختہ اضافے سے متعلق ہے۔پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں جب بھی اضافہ ہوتا ہے تو مقامی اور بین الاضلاع روٹس پر چلنے والی ٹرانسپورٹ مالکان کرایوں میں خود ساختہ اضافہ کر دیتے ہیں جبکہ تیل کی قیمتوں میں کمی کے بعد ٹرانسپورٹرز کرایوں میں کمی نہیں کرتے اور اسکا جواز یہ پیش کرتے ہیں کہ ان کی گاڑیاں سی این جی سے چلتی ہیں۔اسی طرح سی این جی کی قیمتوں میں اضافے کی صورت میں یہی ٹرانسپورٹرز کرایہ جات بڑھا دیتے ہیں اور جب سی این کی قیمتوں میں کمی واقع ہوتی ہے تو تب ٹرانسپورٹرز یہ کہہ کر کرایوں میں کمی نہیں کرتے کہ ان کی گاڑیاں ڈیزل سے چلتی ہیں اس صورتحال میں عوام بالخصوص غریب عوام بڑی طرح متاثر ہوتے ہیں جو روزانہ کی بنیاد پر سفر کے لئے پبلک ٹرانسپورٹ کے مرہون منت ہوتے ہیں۔اسکے علاوہ بین الاضلاع روٹس پر چلنے والی ہائی ایکس (فلائنگ کوچ) ڈرائیور مقررہ سواریوں سے زائد سواریاں گاڑیوں میں بٹھاتے ہیں جس سے مسافروں کو سفر کے دوران شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے حکومت ٹرانسپورٹروں کی من مانیوں سمیت کرایوں میں خوساختہ اضافے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے عوام کو فوری ریلف فراہم کرے۔